وابستہ کریں۔

(۹) قرآن اکیڈمی اور قرآن کالج کے کورسوں میں شمولیت کے لئے اپنے حلقۂ اثر میں نوجوانوں کی ہمت افزائی اور رہنمائی کریں۔

(۱۰) حکمت قرآن اور میثاق ایک ایک سال کے لئے اپنے عزیزو اقارب ' دوست ' احباب اور کرم فرماؤں کے نام بطور تحفہ جاری کروائیں یا انہیں ترغیب دیں کہ وہ خود ان کے سالانہ خریدار بنیں۔ اسی طرح مکتبہ کی کتب اور کیسٹیں ان لوگوں کو تحفہ میں دیں یا ان کی خریداری کی ترغیب دیں۔

(۱۱) مذکورہ رسالوں میں خود بھی اشتہار دیں اور دوسروں کو اس کی ترغیب دیں۔

اس سلسلہ میں ہماری آخری گزارش یہ ہے کہ انجمن کے وابستگان اپنے لئے مذکورہ اقدامات میں سے جو عملی قدم اپنے لئے منتخب کریں ' اس سے حاصل شدہ تجربات سے ہمیں مطلع کرتے رہیں تاکہ یہ تجربات مرکز میں پول ہوتے رہیں اور ہمارے آئندہ کے پروگراموں کے لئے مشعل راہ کا کام دیں۔ ○○○

## بقیہ : منشورِ اسلام

کے اندر کوئی کمی یا نقص دریافت کر سکے۔ اس کے برعکس اسے یہ معلوم کر کے خوشی ہوتی ہے کہ اس کے نصب العین کا حسن و کمال ہر لمحہ اس سے کہیں زیادہ ثابت ہو رہا ہے جو وہ اس کی طرف منسوب کر رہا تھا۔ پھر چونکہ اس کی فطرت کا جذبہ محبّت اس کے صحیح نصب العین کی وجہ سے نہایت آسانی کے ساتھ پوری پوری تشفی حاصل کر رہا ہوتا ہے وہ ایک گہری مسرّت اور گہرے اطمینان قلب سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ پھر وہ پریشانیوں اور ذہنی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کی شخصیّت نہایت ترقی یافتہ نہایت ہی متحد اور طاقتور اور دلیر اور باوقار ہوتی ہے۔